Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالهم وملکهم

نمبر ۱۸	مطبوعه روز دوشنبه تاریخ ۲۷ جمادی الثانی سنه ۱۳۳۴ھ مطابق یکم مئی سنه ۱۹۱۶ء	جلد ۲۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصه مضمون	صفحه نمبر
۱	انتظام باغات شاه آباد۔	۱ و ۲
۲	تبدیلی سید احمد عرضی نویس	۲
۳	تقرر ریاست علی	۳
۴	اضافه نائب منصرم مہمان خانه	۴
۵	نقشه زنانه اجلاس۔	ضمیمه

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالهم وملکهم واقع ۱۰ اپریل سنه ۱۹۱۶ء

مثبته عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر بدیں مضمون
که معشوق علی منصرم باغات شاه آباد مشاہره دار پچیس روپیه
ماہوار کے پاس کام زیاده ہے۔ دو حلقه باغات شاه آباد
کر دیے جائیں۔ اور پندره روپیه ماہوار حبیب الرحمن خان
تنخواه معشوق علی سے دیے جائیں اور چالیس معشوق علی کو دیے جائیں

اور بعد منظوری کام تقسیم کردیا جائیگا -

حکم ہوا کہ

رپورٹ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقعہ ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

مشمولہ بیانات مستقیم خان دکاندار ارشد گنج و احمد نور عرائض نویس

بابت تحقیقات غلط نویسی عرائض مذکور -

ٹھیان اور چھپر جو گنج جدید میں دکانداران نے ڈال لئے ہیں اُنکے متعلق تحصیل سے جو تجویز ہٹانے کا راستہ کشادہ کرنیکی ہوئی تھی اُس سے ناراض ہوکر یہ درخواست ارشد گنج نے ۲۹ فروری سنہ ۱۹۱۶ء کو اجلاس میں دی تھی - اُس درخواست کے الفاظ ذیل ہیں -

"ہمارے چھپر بدستور رکھے جائیں - آینده سرکار جس حیثیت سے ٹھیکہ دیگی لیا جائیگا - یہ امر معاہدہ کے خلاف ہے - چھپر علیحدہ کرنیکا معاہدہ نہیں ہوا تھا" - پیشی کے وقت اُن ٹھیان نے زبانی انکار کیا کہ ہمنے یہ الفاظ درخواست میں نہیں لکھوائے تھے لکھنے والے نے اپنی طرف سے لکھدیئے ہونگے - ہمنے عرائض نویس کو طلب کرکے اُسکا بیان قلمبند کیا آسنے یہ بیان کیا کہ ارشد گنج کے ساتھ میں حبیب اللہ و مستقیم آئے تھے اور ایک مسودہ لائے تھے - اُسکی ہی نقل اسٹامپ پر کردی گئی تھی -

حبیب اللہ کو اسکی تصدیق کیواسطے طلب کیا گیا وہ نہیں ملا - مستقیم کو طلب کیا گیا - اُسنے حاضر ہوکر بیان کیا کہ ہم سب نے صرف یہ لکھوایا تھا کہ اسوقت چھپر ہمارے آخر میعاد تک نہ ہٹائے جائیں - آینده کو جیسا حکم ہوگا تعمیل کرینگے - اور ہمنے کچھ نہیں لکھوایا - اور نہ کوئی مسودہ ہم لائے تھے - چونکہ اس سے احمد نور عرائض نویس کی چالاکی و غلط بیانی ظاہر ہوتی ہے - لہذا حکم ہوا کہ سند عرائض نویسی احمد نور کی ضبط کیجائے احکام ضابطہ جاری ہوں - احمد نور عرائض نویسی سے ممنوع کیا جاتا ہے

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تقرر

۲۵ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

حسب تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر مبشر حکم بندگان عالی حضور معلے دام اقبالہم و ملکہم ریاست علی کا تقرر بعہدہ ہیڈ کانسٹبلی بشاہرہ بیس روپیہ ماہوار کیا گیا -

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۶ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص - نذیر احمد نائب منصرم مہمان خانہ کی بارہ روپیہ ماہوار تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا -

نقشہ نرخ غلہ اجناس مختلف ریاست رامپور بابت ۲۳ اپریل لغایتہ ۲۹ اپریل ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ ۱ر	۹ ۱ر	۱۰ ۱ر	۹ ۰۱ر	۱۰ ۱ر	۹ ۰۱ر	
نخود خالص	۱۲ ۱ر	۱۲ ۰۱ر	۱۲ ۱ر	۱۳ ۱ر	۱۳ ۱ر	۱۲ ۰۱ر	
نخود کشتہ آمیز	۱۳ ۱ر	۱۳ ۰۱ر	۱۳ ۱ر	۱۳ ۱ر	۱۴ ۱ر	۱۴ ۱ر	
کسہیر	۱۳ ۰۱ر	۰	۱۴ ۱ر	۱۳ ۰۱ر	۱۵ ۱ر	۱۳ ۰۱ر	
ماش	۷ ۰۱ر	۷ ۱ر	۷ ۰۱ر	۸ ۰۱ر	۷ ۰۱ر	۷ ۰۱ر	
مونگ	۷ ۱ر	۷ ۱ر	۷ ۰۱ر	۷ ۱ر	۸ ۱ر	۷ ۰۱ر	
مکا	۱۷ ۱ر	۰	۱۶ ۱ر	۲۰ ۱ر	۱۷ ۱ر	۱۸ ۱ر	
جئی	۱۲ ۰۱ر	۱۳ ۱ر	۱۳ و ۱۴ ۱ر	۱۵ ۱ر	۱۴ ۱ر	۱۴ ۱ر	
گوجئی	۰	۱۱ ۱ر	۱۲ ۰۱ر	۱۲ ۱ر	۱۳ ۱ر	۱۲ ۱ر	
عدس	۹ ۱ر	۰	۱۱ ۱ر	۱۰ ۱ر	۱۱ ۱ر	۱۰ ۱ر	
ارہر	۱۰ ۰۱ر	۰	۱۳ ۱ر	۰	۱۲ ۰۱ر	۱۱ ۱ر	
برنج	۴ ۱ر	-	۸ ۱ر	۷ ۰۱ر	[illegible]	۷ ۱ر	
روغن زرد	۰۱۱۰ ۱ر	۳ ۱ر	۳ ۱ر	۳ ۱ر	۳ ۱ر	۰۱۱۰ ۱ر	
روغن سیاہ	۲ ۰۱ر	۲ ۰۱ر	۲ ۱ر	۲ ۱ر	۲ ۰۱ر	۳ ۱ر	
روغن کنجد	۱ ۰۱ر	۲ ۱ر	۲ ۱ر	۱ ۰۱ر	۲ ۱ر	۱ ۰۱ر	
نمک سانبھر	۱۰ ۱ر	۱۱ ۱ر	۱۲ ۱ر	۱۲ ۱ر	۱۲ ۱ر	۱۳ ۱ر	
نمک لاہوری	۹ ۱ر	۱۱ ۱ر	۱۱ ۱ر	۸ ۱ر	۱۰ ۱ر	۱۴ ۱ر	
قند سیاہ	۵ ۰۱ر	۶ ۱ر	۵ ۱ر	۵ ۱ر	۵ ۱ر	۶ ۱ر	
باجرہ	۱۱ ۰۱ر	۱۳ ۱ر	۱۲ ۱ر	۰	۱۳ ۱ر	۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور